کہ عروج کروں بسبب اسکے رضامندی تیری کو اور امان پاؤں بسبب اسکے غصہ سے تیرے بحق تیری عزت کے

وَطَوْلِكَ وَبِحَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَالْاَئِمَّةِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ

اور بحق تیرے فضل اور تیرے نبی محمد مصطفےٰ ؐ . اور ائمہ طاہرین ؑ

وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

درود خدا کا ان پر اور ان کی تمام عترت طاہرہ پر پس تو لائق حمد ہے اے پروردگار میرے تو ایسا قادر

لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

کہ تو کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر محمد

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

و آل محمد پر اور کر مجھکو اپنی نعمتوں کے شکرگزاروں میں

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

اور اپنی نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

فصل ۶

اِلٰهِيْ وَكَمْ

خداوندا بہت

مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ فِيْ كَرْبِ الْمَوْتِ

بندے تیرے ایسے ہیں کہ شام و صبح کرتے ہیں حالت کرب و بے چینی میں موت کی

وَحَشْرَجَةِ الصَّدْرِ وَالنَّظَرِ اِلٰى مَا تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

اور وقت گھرا لگنے کے سینے میں اور دیکھتے ہیں اس چیز کو کہ جسکے دیکھنے سے رونگٹے کھڑے

الْجُلُوْدُ وَتَفْزَعُ اِلَيْهِ الْقُلُوْبُ وَاَنَا فِيْ

ہوتے ہیں اور بیتابی کرتے ہیں اس کی طرف دل اور میں

عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ

عافیت میں ہوں ان سب باتوں سے پس تو لائق حمد ہے اے پروردگار میرے ایسا قادر ہو کہ

لَا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر محمدؐ و

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

آل محمدؐ پر اور کر مجھکو اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں

وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

اور اپنی نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

فصل

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ

خداوندا بہت سے ایسے

عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ سَقِيْمًا مُّوْجَعًا فِيْ اَنِيْنٍ

بندے ہیں کہ شام اور صبح ہوتی ہے درحالیکہ بیمار دردمند دائم المرض ہیں ساتھ نالہ و فریاد کی

وَّعَوِيْلٍ يَّتَقَلَّبُ فِيْ غَمِّهٖ وَلَا يَجِدُ مَحِيْصًا وَّلَا يُسِيْغُ

اور اضطراب کرتے ہیں کروٹیں لیتے ہیں غم کے ساتھ اور کوئی مددگار نہیں پاتے نہیں گوارا ہوتا

طَعَامًا وَّلَا يَسْتَعْذِبُ شَرَابًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُ ضَرًّا

نہیں کھانا اور نہیں خوش آتا انکو پینا اور نہیں قدرت رکھتے ضرر

وَّلَا نَفْعًا وَّهُوَ فِيْ حَسْرَةٍ وَّنَدَامَةٍ وَّاَنَا فِيْ صِحَّةٍ

اور نفع کی اور وہ حسرت و ندامت میں گرفتار ہیں اور میں صحت جسمانی

مِّنَ الْبَدَنِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ الْعَيْشِ كُلُّ ذٰلِكَ مِنْكَ

رکھتا ہوں اور سلامتی سے زندگی بسر کرتا ہوں یہ سب تیری جانب سے

بِفَضْلِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

اور تیرے ہی فضل و کرم سے ہے پس سزاوار حمد تو ہی ہے اے رب میری تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں۔

وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَ

اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور

اجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ

بنا مجھکو اپنے نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنی نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

فصل

الذَّاكِرِينَ

سے

إِلٰهِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى

خدا وندا بست سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے تمام کی

وَأَصْبَحَ خَائِفًا مَرْعُوبًا مُسْهِدًا مُشْفِقًا وَحِيدًا

اور صبح کی بحالت خوف و رعب و بیداری بحالت ترسناکی دیکھ و تنہائی

وَجِلًا هَارِبًا طَرِيدًا وَمُنْجَحِرًا فِي مَضِيقٍ أَوْ مَخْبَاةٍ

ڈر کر بھاگتے ہوئے آوارہ وطن ہوکر باز رکھے گئے ہیں اہل و عیال سے - درمیان

مِنَ الْمَخَابِي قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْهِ الْأَرْضُ بِرُحْبِهَا

جائے تنگ کے یا کسی گوشے میں گوشوں سے جو مخفی ہے بالتحقیق زمین بھی اسپر تنگ ہوگئی ہے باوجود اپنی

وَلَا يَجِدُ حِيلَةً وَلَا مَنْجًى وَلَا مَأْوًى وَلَا مَهْرَبًا

وسعت کے اور وہ کوئی تدبیر نہیں جانتا اور نہ راہ نجات و جائے پناہ اور نہ راہ گریز پہچانتا ہے

وَأَنَا فِي أَمْنٍ وَأَمَانٍ وَطُمَأْنِينَةٍ وَعَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ

اور میں امن و امان میں اور اطمینان و عافیت میں ہوں ان

كُلِّهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي

تمام باتوں سے پس توہی سزاوار حمد ہے اے میرے رب تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا

أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي

صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بنا مجھ کو

لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ

اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنی احسانات کا ذکر کرنے والوں سے

فصل ۹ إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَىٰ وَ

اے معبود میرے اے آقا میرے بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے شام کی

أَصْبَحَ مَغْلُولًا مُكَبَّلًا بِالْحَدِيدِ بِأَيْدِي الْعُدَاةِ وَ

اور صبح کی درحالیکہ طوق و زنجیر آہنی میں گرفتار ہے اور دشمنوں کے ہاتھ میں ہے او

الْكُفَّارِ لَا يَرْحَمُونَهُ فَقِيدًا مِنْ أَهْلِهِ وَوَلَدِهِ

کافروں کے جو اسے لئے پھرتے ہیں اس پر رحم نہیں کرتے دور ہے اپنے عیال

مُنْقَطِعًا عَنْ إِخْوَانِهِ وَبَلَدِهِ يَتَوَقَّعُ كُلَّ

اور اولاد سے جدا ہے اپنے بھائیوں سے اور شہر سے منتظر ہے ہر ایک

سَاعَةٍ بِأَيِّ قِتْلَةٍ يُقْتَلُ وَبِأَيِّ مُثْلَةٍ يُمَثَّلُ

گھڑی کا کہ کس طرح قتل کیا جائیگا اور اس سے کیا بدسلوکی کی جائے گی

بِهِ وَأَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

اور میں ان تمام باتوں سے عافیت میں ہوں۔ پس سزاوار حمد تو ہی ہے اے پروردگار میرے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا اور درود نازل فرما محمدؐ پر

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ

اور آل محمدؐ پر اور کر مجھکو اپنی نعمات کے شکر گزاروں

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ

اور تیرے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں سے

فصل ۱

إِلٰهِي وَسَيِّدِي

میرے معبود اور میرے آقا

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ يُقَاسِي الْحَرْبَ وَ

اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے شام و صبح کی ہے مشقت میں جنگ و جدال کی اور

مُبَاشَرَةَ الْقِتَالِ بِنَفْسِهِ قَدْ غَشِيَتْهُ الْأَعْدَاءُ

ارتکاب قتال میں بذات خود بالتحقیق گھیر لیا ہے اسے دشمنوں نے

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ بِالسُّيُوفِ وَالرِّمَاحِ وَآلَةِ الْحَرْبِ

ہر طرف سے تلواروں اور نیزوں اور آلات حرب سے

يَتَقَعْقَعُ فِي الْحَدِيدِ مَبْلَغَ مَجْهُودِهِ لَا يَعْرِفُ

اور وہ بجتا ہے لباس آہنی میں انتہائی کوشش سے مگر نہیں جانتا

حِيلَةً وَلَا يَهْتَدِي سَبِيلًا وَلَا يَجِدُ مَهْرَبًا قَدْ أُدْنِفَ

راہ چارہ کار اور نہیں سمجھتا کوئی راستہ اور نہ راہ گریز پاتا ہے بالتحقیق چور چور ہو گیا ہے

بِالْجِرَاحَاتِ أَوْ مُتَشَحِّطًا بِدَمِهِ تَحْتَ السَّنَابِكِ وَ

زخموں سے اور لوٹتا ہے اپنے خون میں گھوڑوں کی ٹاپوں اور

الأَرْجُلِ يَتَمَنّٰى شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ أَوْ نَظْرَةً إِلٰى أَهْلِهِ

پاؤں سے نیچے اور ایک پانی کے گھونٹ کی آرزو کرتا ہے یا ایک نظر دیکھنے کی اپنے عیال

وَوَلَدِهِ وَلَا يَقْدِرُ عَلَيْهَا وَأَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ

اور اولاد کی طرف مگر وہ اس پر قدرت نہیں رکھتا اور میں عافیت میں ہوں ان تمام باتوں سے

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ

پس لائق حمد تو ہی ہے اے رب میرے اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل ہے

لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي

کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بنا مجھ کو

لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ

اپنے نعمات کے شکرگزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں سے

فصل ۱۱

إِلٰهِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسٰى وَأَصْبَحَ فِي

اے معبود اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے شام و صبح کی

ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ وَعَوَاصِفِ الرِّيَاحِ وَالْأَهْوَالِ وَالْأَ

دریاؤں کی تاریکیوں میں اور ہواؤں کے جھونکوں اور وحشت میں

مْوَاجِ يَتَوَقَّعُ الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ لَا يَقْدِرُ عَلٰى

اور موجوں کے خوف میں ڈوبنے کا منتظر ہے اور ہلاک ہوجانیکا مگر وہ قدرت نہیں رکھتا

حِيلَةٍ أَوْ مُبْتَلًى بِصَاعِقَةٍ أَوْ هَدْمٍ أَوْ حَرْقٍ أَوْ غَرَقٍ

کسی تدبیر کی یا وہ مبتلا ہے بجلی اور مکان کے گرنے یا جلنے یا ڈوبنے میں

أَوْ شَرَقٍ أَوْ خَسْفٍ أَوْ مَسْخٍ أَوْ قَذْفٍ وَأَنَا فِي عَافِيَةٍ

یا دم گھٹنے میں یا دھنسنے اور صورت کے متغیر ہونے یا سنگسار ہو نہیں اور میں عافیت میں ہوں

مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا

ان تمام باتوں سے پس لائق حمد تو ہی ہے اے رب میرے تو ایسا قادر ہے کہ نہیں

يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ

مغلوب ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل

مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ

محمدؐ پر اور کر مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنے احسانات

مِنَ الذَّاكِرِينَ | فصل ۱۲ | إِلٰهِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسٰى

کے ذکر کرنیوالوں میں سے | | اے میرے معبود اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جو شام

وَأَصْبَحَ مُسَافِرًا شَاخِصًا عَنْ أَهْلِهِ وَوَطَنِهِ وَوَلَدِهِ

کرتے ہیں اور صبح کرتے ہیں بحالت مسافرت درحالیکہ دور ہیں باز رکھے گئے ہیں اپنے عیال و اولاد سے اور

مُتَحَيِّرًا فِي الْمَفَاوِزِ تَائِهًا مَعَ الْوُحُوشِ وَالْبَهَائِمِ

وطن اور شہر سے جنگل میں جا گزیں ہیں حیران و سرگرداں ہیں جنگل کے وحشیوں اور چوپاؤں

وَالْهَوَامِّ وَحِيدًا فَرِيدًا لَا يَعْرِفُ حِيلَةً وَلَا

اور کیڑے مکوڑوں کے ہمراہ یکہ و تنہا ہیں کسی قسم کی تدبیر نہیں جانتے اور نہ کوئی

يَهْتَدِي سَبِيلًا أَوْ مُتَأَذِّيًا بِبَرْدٍ أَوْ حَرٍّ أَوْ جُوعٍ

راہ پہچانتے ہیں یا اذیت اٹھا رہے ہیں سردی اور گرمی اور بھوک کی

أَوْ عَطَشٍ أَوْ عُرْيٍ أَوْ غَيْرِهِ مِنَ الشَّدَائِدِ مِمَّا أَنَا مِنْهُ

اور پیاس اور برہنگی کی یا علاوہ ازیں اور سختیوں کی جن سے میں بری ہوں اور

خِلْوٌ وَأَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ فَلَكَ الْحَمْدُ

اور نیز میں ان تمام باتوں سے عافیت میں ہوں پس سزاوار حمد تو ہی ہے

يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

اے رب میرے تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ

درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بنا مجھ کو اپنی نعمتوں کے

الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ

شکر گزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں سے

فصل ۱۳

إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ

اے میرے معبود اور میرے آقا بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جو شام و صبح کرتے ہیں

فَقِيرًا عَائِلًا عَارِيًا مُمْلِقًا مُخْفِقًا مَجْهُودًا خَائِفًا

بحالت فقیری۔ ناداری۔ برہنگی لباس۔ تنگی معاش میں لٹکے اعضا زرکشتہ میں مبتلا و محنت میں دستوں

جَائِعًا ظَمْآنًا يَنْتَظِرُ مَنْ يَعُودُ عَلَيْهِ بِفَضْلٍ

سے دور خوف زدہ ہیں بھوکے ہیں پیاسے ہیں منتظر ہیں اس بات کے کہ کون تیرا بندہ اس پر احسان کرے

أَوْ عَبْدٍ وَجِيهٍ هُوَ أَوْجَهُ مِنِّي عِنْدَكَ وَأَشَدُّ

یا پھر کون ایسا بندہ ہے جو وجاہت باری کرنے میں مجھ سے زیادہ ہو تیرے نزدیک یا زیادہ

عِبَادَةً لَكَ مَغْلُولاً مَقْهُوراً قَدْ حُمِّلَ ثِقْلاً مِنْ تَعَبِ

عبادت گذار ہو وہ تیرا بندہ طوق پہنے ہوئے ہی مغلوب ہو اور اٹھائے ہوئے بار کو مشقت و

الْعَنَاءِ وَشِدَّةِ الْعُبُودِيَّةِ وَكُلْفَةِ الرِّزْقِ وَثِقَلِ

تنگدستی کے اور شدت بندگی کو اور تنگی رزق کو اور گرانی

الضَّرِيبَةِ أَوْ مُبْتَلًى بِبَلَاءٍ شَدِيدٍ لَا قِبَلَ لَهُ بِهِ إِلَّا

ضرب کو یا وہ مبتلا ہے بلائے سخت میں کہ اسے پناہ نہیں ہے اس بلا سے مگر

بِمَنِّكَ عَلَيْهِ وَأَنَا الْمَخْدُومُ الْمُنَعَّمُ الْمُعَافَى الْمُكَرَّمُ

تیرے احسان سے اور میں خدمتگار رکھتا ہوں نعمت یافتہ ہوں محفوظ و مکرم ہوں

فِي عَافِيَةٍ مِمَّا هُوَ فِيهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

اور تمام باتوں سے جس میں وہ گرفتار رہتے ہیں عافیت میں ہوں پس سزاوار حمد تو ہی ہے اے رب میرے اور ایسا

لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ

قادر ہو کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا متحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمد پر اور

آلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ

آل محمد پر اور بنا مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر کرنے والوں اور اپنے احسانات کے

مِنَ الذَّاكِرِينَ　**فصل**　إِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي

ذکر کرنے والوں میں سے　اے میرے معبود اور اے میرے آقا اور اے میرے سردار

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ طَرِيداً شَرِيداً حَيْرَاناً

اور بہت کثیر ہیں ایسے بندے جو شام و صبح کرتے ہیں در حالیکہ وہ دھتکارے ہوئے اور نکالے گئے ہیں حیران ہیں

مُتَحَيِّراً جَائِعاً خَائِفاً خَاسِراً فِي الصَّحَارِي وَالْبَرَارِي

سرگرداں ہیں بھوکے اور خوف زدہ زیاں کار ہیں جنگلوں اور بیابانوں میں

قَدْ اَحْرَقَهُ الْحَرُّ وَاَذْنَفَهُ الْبَرْدُ وَهُوَ فِي ضُرٍّ مِنَ الْعَيْشِ

بالتحقیق اسے گرمی نے جلا دیا ہے اور سردی نے عاجز کر دیا ہے اور معیشت عیش گرفتار ہے

وَضَنْكٍ مِنَ الْحَيٰوةِ وَذُلٍّ مِنَ الْمَقَامِ يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهِ

اور تنگی حیات میں مبتلا ہے اور اپنے مقام پر ذلیل ہے اپنے نفس کی طرف نگاہ کرتا ہے

حَسْرَةً لَا يَقْدِرُ لَهَا عَلٰى ضُرٍّ وَلَا نَفْعٍ وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ

حسرت سے کہ اپنے نفس کے ضرر و نفع رسانی پر قدرت نہیں ہے اور میں بری ہوں ان تمام

ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ

باتوں سے تیرے جود و کرم کے صدقہ سے پس کوئی معبود قابل عبادت بجز تیرے نہیں تو پاک ہے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى

اور ایسا قادر و مقتدر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل

مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ

فرما محمد و آل محمد پر اور بنا مجھ کو اپنی نعمات کے شکر گزاروں

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا

اور اپنی نعمتوں کے یاد کرنے والوں میں سے اور مجھ پر اپنی رحمت نازل فرما اے

اِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي	فصل ۱۵	اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
اے میرے معبود اور میرے آقا و سردار		سب سے زیادہ رحم کرنے والے

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ عَلِيلاً مَرِيضاً سَقِيماً

اور بہت سے تیرے بندے ہیں جنہوں نے شام و صبح کی درحالیکہ علیل و مریض ہیں بیمار ہیں

مُدْنَفاً عَلَى فِرَاشِ الْعِلَّةِ وَفِي لِبَاسِهَا يَتَقَلَّبُ يَمِيناً

و بدترین تپ فرش بیماری پر پڑے ہیں اور مبتلائے مرض ہیں کروٹیں لیتا ہے کبھی دائیں

وَشِمَالاً لا يَعْرِفُ شَيْئاً مِنْ لَذَّةِ الطَّعَامِ وَلا مِنْ

اور کبھی بائیں اور نہیں جانتا کچھ بھی مزا کھانے کا اور نہ

لَذَّةِ الشَّرَابِ يَنْظُرُ إِلَى نَفْسِهِ حَسْرَةً لا يَسْتَطِيعُ

لذت پانی کا اپنے نفس کی جانب حسرت بھری نگاہ سے تکتا ہے اور نہیں قدرت رکھتا

لَهَا ضَرّاً وَلا نَفْعاً وَأَنَا خِلْوٌ مِنْ ذَلِكَ كُلِّهِ

نفس کے ضرر اور نفع رسانی کا اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے

بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ فَلا إِلَهَ إِلا أَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

بسبب تیرے جود و کرم کے پس کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے پاک ہے تو اور کتنا

مُقْتَدِرٍ لا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

توانا ہے کہ کسی سے مغلوب نہیں ہوتا اور کتنا متحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمد

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ وَلِنِعَمِكَ

و آل محمد پر اور مجھے اپنی عبادت کرنے والوں میں قرار دے اور اپنی نعمتوں کے

مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي

شکر گزاروں اور اپنے احسانات کے یاد کرنے والوں میں اور مجھ پر رحم فرما

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ **فصل ۶** اِلٰهِىْ وَ

بسبب اپنی رحمت کے ای سب سے زیادہ رحم کرنے والے — اے معبود میرے اور

مَوْلَايَ وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ

اے آقا وسردار میرے بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنھوں نے شام اور صبح کی

قَدْ دَنٰى يَوْمُهٗ فِىْ حَتْفِهٖ وَقَدْ اَحْدَقَ بِهٖ مَلَكُ

درحالیکہ قریب ہوگیا ہے دن اس کی موت کا اور بالتحقیق گھیر لیا ہے اسے فرشتہ

الْمَوْتِ فِىْ اَعْوَانِهٖ يُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَحِبَاضَهٗ

موت نے اور وہ بندہ تیرا اپنے مددگاروں میں ہے مشغول ہے جانکنی اور مشغول ہے جانکنی اور موت کی

تَدُوْرُ عَيْنَاهُ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا يَنْظُرُ اِلٰى اَحِبَّائِهٖ وَاَوِدَّا

گھومتی ہیں پھراتا ہے اپنی آنکھوں کو کبھی دہنی طرف کبھی بائیں طرف نظر کرتا ہے اپنے دوستوں اور محبتوں

وَاَخِلَّائِهٖ وَاَصْدِقَائِهٖ قَدْ مُنِعَ مِنَ الْكَلَامِ

اور آشناؤں اور سچے محبت کرنیوالوں کی طرف اسکو بات کرنے سے روک دیا گیا ہے

وَحُجِبَ عَنِ الْخِطَابِ يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا

اور باز رکھا گیا ہے کلام سے وہ حسرت بھری نگاہ سے اپنے نفس کیطرف دیکھتا ہے اور نہیں

يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ

قدرت ہے اس میں اپنے نفس کے ضرر و نفع رسانی پر اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے

كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ

بسبب تیرے جود و کرم کے — پس کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے پاک ہے تو

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ

اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما

عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اور کر مجھکو اپنے عبادت گزاروں میں

وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ

اور اپنی نعمات کے شکر گزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں

وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اور مجھ پر رحم نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

فصل ۱۷

إِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ

اے میرے معبود اور آقا و سردار میرے تیرے بہت سے ایسے بندے ہیں جو شام اور صبح کرتے ہیں

فِي مَضَائِقِ الْحُبُوسِ وَالسُّجُونِ وَكَرْبِهَا وَكُرَبِهَا

تنگیوں میں قید خانوں اور زندانوں کی اور گرفتار ہیں انکی سختیوں بے چینیوں اور

وَذُلِّهَا وَحَدِيدِهَا يَتَدَاوَلُهُ أَعْوَانُهَا وَزَبَانِيَتُهَا

ذلتوں میں اور مبتلا ہیں لباس ہائے آہنی میں لئے پھرتے ہیں اسے داروغہ و مالک قیدخانہ

فَلَا يَدْرِي أَيَّ حَالٍ يُفْعَلُ بِهِ وَأَيَّ مُثْلَةٍ يُمَثَّلُ بِهِ

اس کو خبر نہیں کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائیگا اور کیا بدسلوکی روا رکھی جائے گی

فَهُوَ فِي ضُرٍّ مِنَ الْعَيْشِ وَضَنْكٍ مِنَ الْحَيَاةِ يَنْظُرُ

وہ تیرا بندہ سختی عیش اور تنگی حیات میں گرفتار ہے دیکھتا ہے

إِلَى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَ

اپنے نفس کی طرف بنگاہ حسرت اور وہ قدرت نہیں رکھتا نفس کے ضرر و نفع رسانی پر اور

أَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا إِلٰهَ إِلَّا

میں بری ہوں ان تمام باتوں سے بسبب تیرے جود وکرم کے پس کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے

أَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ

تو ہی پاک ہے اور ایسا توانا ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب عمل ہے کہ

لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لَكَ

جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بنا مجھکو اپنے

مِنَ الْعَابِدِينَ وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ

عبادت کرنے والوں اور تیری نعمات کے شکرگزاروں اور تیری

مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ

نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں سے اور مجھ پر رحم نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے

الرَّاحِمِينَ | فصل ۱۶ | إِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي

زیادہ رحم کرنے والے | | اے میرے معبود و آقا و سردار میرے

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسَى وَأَصْبَحَ قَدِ اسْتَمَرَّ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ

اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے شام و صبح کی کہ اس پر جاری ہوگیا ہے حکم قضا

وَأَحْدَقَ بِهِ الْبَلَاءُ وَفَارَقَ أَحِبَّاءَهُ وَأَوِدَّاءَهُ

اور گھیر لیا ہے اسے بلا نے اور اس نے مفارقت کی ہے اپنے دوستوں اور آشناؤں سے

وَاُخْلَائِهٖ وَاَمْسٰى حَقِيْرًا اَسِيْرًا ذَلِيْلًا فِىْ اَيْدِىْ

اور محبت کرنے والوں سے اور وہ حقیر و قیدی ذلیل ہو گیا ہے ہاتھوں میں

اَلْكُفَّارِ وَالْاَعْدَاۤءِ يَتَدَاوَلُوْنَهٗ يَمِيْنًا وَشِمَالًا قَدْ حُمِّلَ

کافروں اور دشمنوں کے جو اسے لئے پھرتے ہیں داہنے بائیں اسے قید کیا گیا ہے

فِى الْمَطَامِيْرِ وَثُقِّلَ بِالْحَدِيْدِ لَا يَرٰى شَيْئًا مِنْ

تہ خانوں میں گرانبار کیا گیا ہے آہن میں نہیں دیکھ سکتا ہے کچھ بھی

ضِيَاۤءِ الدُّنْيَا وَلَا مِنْ رَوْحِهَا يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً

روشنی کو دنیا کی اور نہ آسایش کو اس کی دیکھتا ہے اپنے نفس کی طرف حسرت سے

لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ

نہیں قادر ہے کہ اپنے نفس کو ضرر یا نفع پہنچا سکے اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے

كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ

بسبب تیرے جود و کرم کے پس کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے پاک ہے تو اور

مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِىْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى

ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا اور درود نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِىْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ

اوپر محمد اور آل محمد کے اور بنا مجھکو اپنے عابدوں میں سے

وَلِنَعْمَاۤئِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَاۤئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

اور اپنی نعمات کے شکرگزاروں میں سے اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں سے

فصل ۱۹

وَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اور مجھ پر رحم نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

اِلٰهِیْ وَمَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰی

اے میرے اور میرے آقا و سردار بہت سے تیرے بندے ایسے ہیں جنہوں نے شام کی

وَاَصْبَحَ قَدِ اشْتَاقَ اِلَی الدُّنْیَا لِلرَّغْبَةِ فِیْهَا اِلٰی اَنْ

اور صبح کی اسطرح پر کہ مشتاق ہوا دنیا کی طرف اور رغبت ظاہر کی اُس میں یہاںتک کہ

خَاطَرَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ حِرْصًا مِنْهُ عَلَیْهَا وَقَدْ رَكِبَ

خطرہ میں ڈالا اسنے اپنے نفس کو اور مال کو دنیا کے لالچ کی وجہ سے بالتحقیق وہ سوار ہوا

الْفُلْكَ وَكُسِرَتْ بِهٖ وَهُوَ فِیْ اٰفَاقِ الْبِحَارِ وَظُلَمِهَا

کشتی میں اور فوراً کشتی ٹوٹ گئی اب وہ شخص اطراف دریا اور اس کی تاریکیوں میں سے

یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا یَقْدِرُ لَهَا عَلٰی ضُرٍّ وَلَا

دیکھتا ہے اپنے نفس کی طرف بنگاہ حسرت مگر اپنے نفس پر ضرر رسانی کی قدرت یا

نَفْعٍ وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ

نفع رسانی کی نہیں رکھتا اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے بسبب تیرے جود و کرم کے

فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ وَ

پس کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے تو ہی پاک ہے اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا

ذِیْ اَنَاةٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ

اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور بنا مجھکو

لَكَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَ

اپنے عبادت گزاروں اور نعمات کے شکر کرنے والوں اور تیرے

لِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

احسانات کے ذکر کرنے والوں میں اور مجھ پر رحم نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے اے

الرَّاحِمِيْنَ

سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

فصل ۲

اِلٰهِيْ وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ

اے میرے معبود اور آقا و سردار بہت سے تیرے بندے ایسے

عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ قَدِ اسْتَمَرَّ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ وَاَحْدَقَ

ہیں جو شام و صبح کرتے ہیں کہ اس پر جاری ہو گیا ہے حکم قضا اور گھیر لیا ہے اسے

بِهِ الْبَلَاءُ وَالْكُفَّارُ وَالْاَعْدَاءُ وَاَخَذَتْهُ الرِّمَاحُ وَ

بلا نے اور کافروں اور دشمنوں نے اور گرفتار کر لیا ہے اسکو نیزوں اور

السُّيُوْفُ وَالسِّهَامُ وَجُدِّلَ صَرِيْعًا وَقَدْ شَرِبَتِ

تلواروں اور تیروں نے اور مجبور ہو گیا ہے گر کر اور بالتحقیق پی لیا ہے

الْاَرْضُ مِنْ دَمِهِ وَاَكَلَتِ السِّبَاعُ وَالطَّيْرُ مِنْ لَحْمِهِ

زمین نے اس کا خون اور کھا لیا ہے درندوں اور پرندوں نے اسکا گوشت

وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ لَا بِاسْتِحْقَاقٍ

اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے بسبب تیرے جود و کرم کے نہیں حق رکھتا

مِنِّيْ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

میں یہ بات کا پس کوئی معبود سوائے تیرے قابل پرستش نہیں ہے تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ

اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بنا مجھ کو

لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَ

اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنیوالوں میں سے اور مجھ پر رحم نازل کر

ارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی رحمت کے سبب اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

فصل ۲

وَبِعِزَّتِكَ

ای معبود تجھے تیری عزت

وَجَلَالِكَ يَا كَرِيْمُ لَاَطْلُبَنَّ مِمَّا لَدَيْكَ وَلَاُلِحَّنَّ عَلَيْكَ

کی قسم ہے اے کریم میں ضرور طلب کرونگا ان نعمتوں کو جو تیرے پاس ہیں اور گڑگڑاؤں گا تجھ سے اور

وَلَاُبْهِلَنَّ اِلَيْكَ وَلَاَمُدَّنَّ يَدَيَّ نَحْوَكَ مَعَ جُرْمِهِمَا

زاری کروں گا تیری جناب میں اور ضرور پھیلاؤں گا اپنے ہاتھ تیرے جانب باوجودیکہ ان ہاتھوں سے تیری جرم

اِلَيْكَ فَبِمَنْ اَعُوْذُ يَا رَبِّ وَبِمَنْ اَلُوْذُ لَا اَحَدَ لِيْ

کئے ہیں پس بجز تیرے کس سے پناہ مانگوں میں ای رب میرے اور کس کی طرف پناہ چاہوں میرے لئے کوئی

اِلَّا اَنْتَ اَفَتَرُدُّنِيْ وَاَنْتَ مُعَوَّلِيْ وَعَلَيْكَ مُتَّكَلِيْ

نہیں ہے سوائے تیرے آیا کیا تو مجھے پھیر دیگا حالانکہ توہی میری امیدگاہ ہے اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى السَّمَاۤءِ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس نام پاک کے ذریعے جسے تونے آسمان پر رکھا تو وہ ٹھہر گیا

فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ

اور زمین پر رکھا تو اسے قرار ہوا اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ بلند ہوئے

وعلى الليل فاظلم وعلى النهار فاستنار ان تصلى على محمد

اور رات پر رکھنے سے وہ تاریک ہوئی اور دن پر قایم کرنیسے وہ روشن ہوا اور درود نازل فرما

وآل محمد وان تقضى لي جميع حوائجي وتغفر لي ذنوبي

محمد اور آل محمد پر اور پوری فرما دے میرے لئے میری تمام حاجتوں کو اور بخشدے میرے تمام گناہوں کو

كلها صغيرها وكبيرها وتوسع علي من الرزق ما

صغیرہ ہوں یا کبیرہ اور کشایش عطا فرما مجھپر میرے رزق میں تا اینکہ

تبلغني به شرف الدنيا والآخرة يا ارحم الراحمين

اس سے مجھے شرافت دنیا و آخرت حاصل ہو اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

فصل ۲۲ مولاي بك استغيث فصل على محمد و

میرے آقا تجھی سے فریاد کرتا ہوں پس درود نازل فرما محمد اور آل محمد پر

آل محمد واغثني وبك استجير فصل على محمد و

اور تجھی سے میں اپنے اعمال نیک کا بدلا چاہتا ہوں پس درود بھیج محمد اور

آل محمد واجرني واغنني بطاعتك عن طاعة

آل محمد پر اور مجھے بدلا عنایت فرما اور مجھے غنی فرما بسبب اپنی عبادت کے اطاعت خلق سے

عبادك وبمسئلتك عن مسئلة خلقك وانقلني من

اور سوال کرنے سے بجانب تیرے بسبب سوال کرنے تیری خلقت کے اور پھیر دے مجھکو فقیری کی ذلت

ذل الفقر الى عز الغنى ومن ذل المعاصي الى عز الطاعة فقد

سے طرف تونگری کی عزت کے اور گناہوں کی رسوائی سے اطاعت کی عزت کی طرف بالتحقیق

فَضَّلْتَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِکَ جُوْدًا مِّنْکَ وَکَرَمًا

تو نے فضیلت دی ہے مجھکو اپنی بہت سی مخلوق پر بلحاظ اپنے سخی اور کریم ہونے کے

لَا بِاسْتِحْقَاقٍ مِّنِّیْ اِلٰھِیْ فَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِکَ کُلِّہٖ

نہ یہ کہ میں مستحق تھا ان باتوں کا اے میرے معبود تیرے ہی لئے حمد سزاوار ہے ان تمام باتوں پر

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِکَ مِنَ

درود نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور کر مجھکو اپنی نعمات کے

الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ

شکرگزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنیوالوں میں اور مجھ پر رحم نازل فرما

بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ | پس بسجدہ برو و بگو

بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے | (پھر سجدے میں جاؤ اور کہو)

سَجَدَ وَجْھِیَ الْفَانِی الْبَالِیْ لِوَجْھِکَ الدَّآئِمِ الْبَاقِیْ

سجدہ کیا میرے فنا اور بوسیدہ ہونیوالے چہرہ نے تیری ذات کو جو ہمیشہ اور باقی رہنے والی ہے

سَجَدَ وَجْھِیَ الذَّلِیْلُ لِوَجْھِکَ الْعَزِیْزِ الْجَلِیْلِ سَجَدَ

سجدہ کیا میرے ذلیل چہرے نے تیری ذات کو جو غالب ہے سب پر اور بزرگ ہے سجدہ کیا

وَجْھِیَ الْفَقِیْرُ لِوَجْھِکَ الْغَنِیِّ الْکَبِیْرِ سَجَدَ وَجْھِیْ وَ

میرے نادار چہرہ نے تیری ذات کیلئے جو غنی ہے سب سے مرتبہ میں بلندی۔ سجدہ کیا میرے چہرہ نے

سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَلَحْمِیْ وَدَمِیْ وَجِلْدِیْ وَمَا

اور میرے کانوں اور آنکھوں اور گوشت اور خون اور کھال نے اور ان

أَقَلَّتِ الْأَرْضُ مِنِّي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ اَللّٰهُمَّ

اعضا نے جنہیں زمین نے مجھ سے بلند کیا ہے یہ سجدہ خدائے عالمین کے لئے ہے اے خدا

عُدْ عَلٰى جَهْلِي بِحِلْمِكَ وَعَلٰى فَقْرِي بِغِنَاكَ وَعَلٰى

درگزر فرما میری جہالت پر بسبب اپنی بردباری کے اور میری تنگدستی پر بسبب اپنی تونگری کے اور

ذُلِّي بِعِزِّكَ وَسُلْطَانِكَ وَعَلٰى ضَعْفِي بِقُوَّتِكَ وَ

میری ذلت پر بسبب اپنی عزت کے اور اپنے دبدبہ کے اور میری ضعیفی و کمزوری پر بسبب اپنی قوت کے اور

عَلٰى خَوْفِي بِأَمْنِكَ وَعَلٰى ذُنُوبِي وَخَطَايَايَ بِعَفْوِكَ

میرے خوف پر بسبب اپنے امن کے اور میرے گناہوں پر اور میری خطاؤں پر بسبب اپنی معافی کے

وَرَحْمَتِكَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَدْرَءُ بِكَ

اور اپنی رحمت کے اے مہربان اے بخشش کرنے والے اے خدا میں مصیبت کو دفع کرتا ہوں بسبب تیرے

فِي نَحْرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ

گردن میں فلاں بن فلاں کی اور تیری ہی وجہ سے پناہ مانگتا ہوں اس بدی سے

وَاكْفِنِيهِ بِمَا كَفَيْتَ بِهِ أَنْبِيَاءَكَ مِنْ فَرَاعِنَةِ

پس مجھے بچا اس سے باز رکھ اس طریقہ پر جس طرح تو نے بچایا نبیوں کو اپنے جابر فراعنہ سے

عِبَادِكَ وَطُغَاةِ خَلْقِكَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

جو تیرے بندوں میں تھے اور جو سرکش تیری مخلوقات میں تھے اپنی رحمت کے سبب اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اور درود نازل فرما اوپر بہترین

خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اسنادِ دعاءِ کمیل

کتاب اقبال میں سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ ایک روز مسجد بصرہ میں کہ نصف ماہ شعبان تھا جناب امیرالمومنین علیہ السلام تشریف رکھتے تھے کمیل ابن زیادؒ نے اپنے مولا سے عرض کی کہ مجھکو دعائے خضر علیہ السلام تعلیم فرمائیے حضرت نے فرمایا کہ جو نصف شعبان کو شب بیداری کرے اور اس دعا کو پڑھے بعدہ مطلب اپنا حق تعالےٰ سے عرض کرے حاجت اُس کی برآوے گی اے کمیل تو اس دعا کو حفظ کر اور ہر شب جمعہ کو پڑھا کر اور ہر جمعہ کو نہ پڑھ سکے تو مہینہ میں ایک مرتبہ اگر یہ بھی ممکن نہو تو سال میں ایک مرتبہ یہ بھی نہو سکے تو اپنی عمر میں ایکمرتبہ پڑھ اس دعا کو کہ دشمن کے شر سے محفوظ رہیگا اور روزی تیری کشادہ ہو اور کل گناہ صغیرہ و کبیرہ تیرے حق تعالےٰ اس دعا کی برکت سے بخشیگا اور سب حاجتیں دین و دنیا کی برلائیگا اور دنیا میں عزیز و مکرم رہیگا اور بہشت بریں میں درجہ رفیع پائیگا اور جو کوئی بعد ہر نماز فریضہ کے اس کو پڑھے تو باعث برآنے حاجات کا ہوگا کیونکہ یہ دعا مجرب ہے۔

واللہ اعلم بالصواب +

هٰذَا الدُّعَاءُ الْخِضْرِ الْمَعْرُوفُ بِدُعَاءِ

یہ دعائے خضر معروف بہ دعائے

الْكُمَيْل

کمیل ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں نام سے اللہ بخشنے والے مہربان کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ

خداوندا بدرستیکہ سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت سے جسنے گھیر لیا ہے

كُلَّ شَيْءٍ وَبِقُوَّتِكَ الَّتِيْ قَهَرْتَ بِهَا كُلَّ شَيْءٍ

ہر چیز کو اور تیری قوت کے ساتھ کہ تو نے مغلوب کیا ہے اس سے ہر چیز کو

وَخَضَعَ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَذَلَّ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَ

اور عاجزی کی تیری قدرت کے آگے ہر چیز نے اور ذلیل ہوئی واسطے اسکے ہر چیز اور

بِجَبَرُوْتِكَ الَّتِيْ غَلَبْتَ بِهَا كُلَّ شَيْءٍ وَبِعِزَّتِكَ

ساتھ جبروت تیرے کے کہ غلبہ کیا ہے تو نے ساتھ اسکے ہر چیز پر اور ساتھ عزت تیری کے

الَّتِيْ لَا يَقُوْمُ لَهَا شَيْءٌ وَبِعَظَمَتِكَ الَّتِيْ مَلَأَتْ

کہ نہیں برابری کرتی ساتھ اسکے کوئی چیز اور ساتھ بزرگواری تیری کے کہ پُر کیا اس نے

كُلَّ شَيْءٍ وَبِسُلْطَانِكَ الَّذِيْ عَلَا كُلَّ شَيْءٍ

ہر چیز کو اور ساتھ بادشاہی تیری کے یعنی بادشاہی کہ جو تر ہے ہر چیز سے

وَبِوَجْهِكَ الْبَاقِي بَعْدَ فَنَاءِ كُلِّ شَيْءٍ وَبِاَسْمَائِكَ

اور ساتھ وجاہت تیری کے کہ باقی ہے بعد فنا ہر چیز کے اور ساتھ ناموں تیرے کے

الَّتِي مَلَأَتْ اَرْكَانَ كُلِّ شَيْءٍ وَبِعِلْمِكَ الَّذِي

کہ پر کردیا ارکان ہر چیز کو اور ساتھ علم تیرے کے وہ علم کہ

اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ وَبِنُورِ وَجْهِكَ الَّذِي اَضَاءَ

جس نے احاطہ کیا ہے ہر ایک چیز کا اور ساتھ روشنی ذات تیری کے کہ روشن ہوئی ہے

لَهُ كُلُّ شَيْءٍ يَا نُورُ يَا قُدُّوسُ يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِينَ

واسطے اسکے ہر چیز اے نور بہت پاکیزہ اے اول سب پہلوں کے

وَيَا آخِرَ الْآخِرِينَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ

اور اے آخر کل آخروں کے خداوندا بخش دے اون گناہوں کو

الَّتِي تَهْتِكُ الْعِصَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ

جو ہتک کرتے ہیں عصمت کی خداوندا بخشدے ان گناہوں کو

الَّتِي تُنْزِلُ النِّقَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ

جن سے تو نازل کرتا ہے عذاب کو خداوندا بخشدے ان گناہوں کو

الَّتِي تُغَيِّرُ النِّعَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ

جن سے تو تغیر کرتا ہے نعمتوں کو خداوندا بخشدے ان گناہوں کو

الَّتِي تَحْبِسُ الدُّعَاءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ

جن سے حبس کرتا ہے تو دعا کو خداوندا بخشدے ان گناہوں کو

الَّتِیْ تُنْزِلُ الْبَلَاۗءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ

جن سے نازل کرتا ہے تو بلا کو خداوندا بخشدے ان گناہوں کو

الَّتِیْ تَقْطَعُ الرَّجَاۗءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ کُلَّ ذَنْبٍ

جن سے منقطع کرتا ہے تو امیدوں کو خداوندا بخشدے جو گناہ کہ

اَذْنَبْتُهٗ وَکُلَّ خَطِیْۗئَةٍ اَخْطَاْتُهَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

مجھ سے صادر ہوئے ہیں اور جو خطائیں کہ مجھ سے نادانی میں واقع ہوئی ہیں خدایا

اَتَقَرَّبُ اِلَیْكَ بِذِکْرِكَ وَاَسْتَشْفِعُ بِكَ اِلٰی

بتحقیق میں نزدیکی طلب کرتا ہوں طرف تیرے یاد تیری سے اور طالب شفاعت ہوں تجھ سے

نَفْسِكَ وَاَسْئَلُكَ بِجُوْدِكَ وَکَرَمِكَ اَنْ

واسطے نفس کے اور سوال کرتا ہوں بسبب بخشش تیری کے اور کرم تیرے کے یہ کہ

تُدْنِیَنِیْ مِنْ قُرْبِكَ وَاَنْ تُوْزِعَنِیْ شُکْرَكَ

نزدیکی عطا کر مجھکو اپنے قرب میں اور توفیق دے اپنے شکر کی

وَاَنْ تُلْهِمَنِیْ ذِکْرَكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

اور یہ کہ مصروف کر مجھکو اپنی یاد میں خداوندا بتحقیق سوال کرتا ہوں تجھ سے

سُؤَالَ خَاضِعٍ مُّتَذَلِّلٍ خَاشِعٍ مُّتَضَرِّعٍ اَنْ

سوال خوار و لرزاں و ذلیل و خشوع کرنیوالے عاجز کا یہ کہ

تُسَامِحَنِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَتَجْعَلَنِیْ بِقِسْمِكَ رَاضِیًا

چشم پوشی کر مجھ سے اور رحم کر مجھ پر اور کر مجھ کو اپنی عطا پر راضی

قَانِعًا وَّفِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ مُتَوَاضِعًا اَللّٰهُمَّ وَ

اور قناعت کرنیوالا اور سب احوال میں عاجزی کرنیوالا خداوندا اور

اَسْئَلُكَ سُؤَالَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ

سوال کرتا ہوں تجھ سے سوال اس شخص کا کہ سخت ہوا ہو فقر اس کا

وَاَنْزَلَ بِكَ عِنْدَ الشَّدَائِدِ حَاجَتَهٗ وَعَظُمَ

اور ظاہر کرے نزدیک تیرے وقت سختیوں کے حاجت اپنی اور بزرگ ہوئی

فِیْمَا عِنْدَكَ رَغْبَتُهٗ اَللّٰهُمَّ عَظُمَ سُلْطَانُكَ

اس چیز کے نزدیک تیرے ہے رغبت اسکی خداوندا بزرگ ہوئی بادشاہی تیری

وَعَلَا مَكَانُكَ وَخَفِیَ مَكْرُكَ وَظَهَرَ اَمْرُكَ وَغَلَبَ

اور بلند ہوا مکان تیرا اور پنہاں ہوا مکر تیرا اور ظاہر ہوا حکم تیرا اور غالب ہوا

قَهْرُكَ وَجَرَتْ قُدْرَتُكَ وَلَا يُمْكِنُ الْفِرَارُ مِنْ

قہر تیرا اور جاری ہوی قدرت تیری اور ممکن نہیں ہوتا ہے بھاگنا

حُكُوْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ لَا اَجِدُ لِذُنُوْبِیْ غَافِرًا وَّلَا

حکومت تیری سے خداوندا نہیں پاتا ہوں واسطے گناہوں اپنے کے بخشنے والا اور نہ

لِقَبَائِحِیْ سَاتِرًا وَّلَا لِشَیْءٍ مِّنْ عَمَلِیَ الْقَبِیْحِ بِالْحَسَنِ

واسطے قبائح اپنے کے چھپانے والا اور نہ واسطے اس چیز کے عمل اپنے کے ساتھ عمل نیک کے

مُبَدِّلًا غَیْرَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَ

بدل کرنے والا سوا تیرے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے پاک ہے تو اور

بِحَمْدِكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَتَجَرَّأْتُ بِجَهْلِي وَسَكَنْتُ إِلَى

حمد کرتا ہوں ستم کیا میں نے اپنے نفس پر اور جرأت کی میں نے اپنی نادانی سے اور اعتماد کیا میں نے

قَدِيمِ ذِكْرِكَ لِي وَمَنِّكَ عَلَيَّ اللّٰهُمَّ مَوْلَايَ كَمْ مِنْ

التفات ذکر سابق تیرے کے اور انعام کر مجھ پر خداوندا اے آقا میرے بسا افعال

قَبِيحٍ سَتَرْتَهُ وَكَمْ مِنْ فَادِحٍ مِنَ الْبَلَاءِ أَقَلْتَهُ وَكَمْ

بد ہیں کہ چھپایا تو نے اسکو اور بسا بلا ہائے سخت ہیں کہ زائل کیا تو نے ان کو اور بسا

مِنْ عِثَارٍ وَقَيْتَهُ وَكَمْ مِنْ مَكْرُوهٍ دَفَعْتَهُ

لغزشیں ہیں کہ بچایا تو نے ان سے اور بسا ناخوشیاں ہیں کہ دور کیا تو نے

وَكَمْ مِنْ ثَنَاءٍ جَمِيلٍ لَسْتُ أَهْلاً لَهُ نَشَرْتَهُ

انکو اور بسا تعریفیں بزرگ ہیں کہ لایق ان کے نہ تھا میں اور ظاہر کیا تو نے انکو

اللّٰهُمَّ عَظُمَ بَلَائِي وَأَفْرَطَ بِي سُوءُ حَالِي

الہیٰ بزرگ ہوئی ہے بلا میری اور حد سے گزری بدی حال میری

وَقَصُرَتْ بِي أَعْمَالِي وَقَعَدَتْ بِي أَغْلَالِي

اور پست کر دیا اعمال ناپسندیدہ میرے اور عاجز کیا مجھ کو طوق گناہ نے

وَحَبَسَنِي عَنْ نَفْعِي بُعْدُ آمَالِي وَخَدَعَتْنِي

اور منع کیا مجھ کو میرے نفع سے دوری امید نے اور فریب دیا مجھ کو

الدُّنْيَا بِغُرُورِهَا وَنَفْسِي بِجِنَايَتِهَا وَمِطَالِي يَا

دنیا نے اپنے فریب سے اور فریب دیا مجھ کو میرے نفس نے پاس مجبوری میری اے

سَیِّدِیْ فَاَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ اَنْ لَّا یَحْجُبَ عَنْکَ

آقا میرے پس سوال کرتا ہوں تجھ بعزت و بزرگواری تیرے کہ منع نہ کر تو مجھ سے دعا میری

دُعَائِیْ سُوْءُ عَمَلِیْ وَ فِعَالِیْ وَ لَا تَفْضَحْنِیْ بِخَفِیِّ مَا

بسبب برائی اعمال میرے کے اور کردار میرے کے اور رسوا مت کر مجھکو ان عیبوں پوشیدہ سے

اَطَّلَعْتَ عَلَیْہِ مِنْ سِرِّیْ وَ لَا تُعَاجِلْنِیْ بِالْعُقُوْبَۃِ

کہ تو ان سے آگاہ ہے اور جلدی نہ بھیج مجھ پر عقوبت ان کی۔

عَلٰی مَا عَمِلْتُہٗ فِیْ خَلَوَاتِیْ مِنْ سُوْءِ فِعْلِیْ وَ اِسَاءَتِیْ

جو عمداً ہوئے ہیں گناہ مجھ سے خلوتوں میں بدکرداری میری سے اور برائی سے

وَ دَوَامِ تَفْرِیْطِیْ وَ جَہَالَتِیْ وَ کَثْرَۃِ شَہَوَاتِیْ وَ

اور ہمیشہ تقصیر اپنی سے اور نادانی اپنی سے اور زیادتی خواہشوں سے اور

غَفْلَتِیْ وَ کُنِ اللّٰہُمَّ بِعِزَّتِکَ لِیْ فِی الْاَحْوَالِ

غفلتوں اپنی سے اور ہو جا اے بارخدایا اپنی عزت سے میرے احوال پر

کُلِّہَا رَءُوْفًا وَّ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ عَطُوْفًا اِلٰہِیْ وَ

مہربانی کرنے والا اور مجھ پر سب کاموں میں۔ مہربان اے معبود اور

مَوْلَایَ وَ رَبِّیْ مَنْ لِّیْ غَیْرُکَ اَسْئَلُہٗ کَشْفَ

آقا اور پروردگار میرے کون ہے میرا سوا تیرے سوال کرتا ہوں دفع

ضُرِّیْ وَ النَّظَرَ فِیْ اَمْرِیْ اِلٰہِیْ وَ مَوْلَایَ اَجْرَیْتَ

ضرر کا اور نظر کرنا اپنے کاموں میں اے معبود و آقا میرے جاری کیا تو نے

عَلٰى مَا اتَّبَعْتُ فِيهِ هَوَى نَفْسِي وَلَمْ

مجھ پر اپنے حکم اور پیروی کی میں نے اس حکم میں خواہش نفس اپنے کی اور

أَحْتَرِسْ فِيهِ مِنْ تَزْيِينِ عَدُوِّي فَغَرَّنِي بِمَا

نہ بچا میں اس حکم میں زینت دینے سے دشمن اپنے کی پس فریب دیا مجھ کو میری

أَهْوَى وَأَسْعَدَهُ عَلٰى ذٰلِكَ الْقَضَاءُ فَتَجَاوَزْتُ

خواہش نے اور یاری کی اس کا اوپر قضائے خدا نے پس زیادتی کی میں نے

بِمَا جَرٰى عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ بَعْضَ حُدُودِكَ وَخَالَفْتُ

جو کچھ جاری ہوئی تھی مجھ پر قضائے خدا سے کچھ تیرے حدود سے اور مخالفت کی میں نے

بَعْضَ أَوَامِرِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَيَّ فِي جَمِيعِ ذٰلِكَ وَ

تھوڑی تھوڑی ایک حکم تیرے سے پس تیرا شکر واجب ہے مجھ پر سب کاموں میں اور

لَا حُجَّةَ لِي فِيمَا جَرٰى عَلَيَّ فِيهِ قَضَاؤُكَ وَأَلْزَمَنِي

نہیں ہے حجت مجھ کو جو کچھ جاری ہوا مجھ پر حکم تیرے سے اور لازم ہوا مجھ پر

حُكْمُكَ وَبَلَاؤُكَ وَقَدْ أَتَيْتُكَ يَا إِلٰهِي بَعْدَ تَقْصِيرِي

حکم تیرا اور امتحان تیرا اور تحقیق آیا ہیں اے معبود بعد تقصیر اپنی کے

وَإِسْرَافِي عَلٰى نَفْسِي مُعْتَذِرًا نَادِمًا مُنْكَسِرًا

اور بہت زیادتی کرنے کے اپنے نفس کو گناہوں سے عذر خواہ پشیمان

مُسْتَقِيلًا مُسْتَغْفِرًا مُنِيبًا مُقِرًّا مُذْعِنًا

توبہ عذر چاہتا ہوا مغفرت خواہ توبہ کرنے والا اقرار کرنے والا فرمانبردار

مُعْتَرِفًا فَلَا اَجِدُ مَفَرًّا مِمَّا كَانَ مِنِّيْ وَلَا مَفْزَعًا

اس کے نہیں پاتا ہوں میں بھاگنا اس چیز سے کہ جو صادر ہوئی مجھ سے اور نہ پناہ کہ

اَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ فِيْ اَمْرِيْ غَيْرَ قَبُوْلِكَ عُذْرِيْ وَ

متوجہ ہوں میں طرف اس کے اپنے کاموں میں بغیر قبول کرنے عذر کے اور

اِدْخَالِكَ اِيَّايَ فِيْ سَعَةٍ مِنْ رَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ

اور داخل کرنے میرے کے کشادگی میں اپنی رحمت سے خداوندا

فَاقْبَلْ عُذْرِيْ وَارْحَمْ شِدَّةَ ضُرِّيْ وَفُكَّنِيْ مِنْ

پس قبول عذر میرا اور رحم کر شدت بدحالی میری اور رہا کر مجھ کو

شَدِّ وَثَاقِيْ يَا رَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِيْ وَرِقَّةَ جِلْدِيْ

باندھنے بند گناہوں سے اے پروردگار میرے رحم کر ضعف بدن میرے پر اور نرمی پوست پر

وَدِقَّةَ عَظْمِيْ يَا مَنْ بَدَءَ خَلْقِيْ وَذِكْرِيْ وَتَرْبِيَتِيْ

اور باریکی استخوان پر اے وہ کہ ابتدا کی تو نے پیدایش میری کی اور یاد کرنے میری کی اور پرورش

وَبِرِّيْ وَتَغْذِيَتِيْ هَبْنِيْ لِاِبْتِدَاءِ كَرَمِكَ وَسَالِفِ

اور نیکی میری کی اور غذا دینے میری کی بخش مجھ کو واسطے ابتدا کرنے اپنے کرم کے اور اگلے

بِرِّكَ بِيْ يَا اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ وَرَبِّيْ اَتُرَاكَ مُعَذِّبِيْ

احسانوں کے جو تو نے مجھ پر کئے ہیں اے معبود اور آقا و پروردگار میرے آیا دیکھ سکتا ہے تو مجھ کو عذاب آتش

بِنَارِكَ بَعْدَ تَوْحِيْدِكَ وَبَعْدَ مَا انْطَوٰى عَلَيْهِ قَلْبِيْ

دوزخ میں بعد اقرار کرنے میرے کے تیری یگانگی [illegible] اور بعد اس چیز کے کہ گرفتار ہوا ہے اس پر دل میرا

مِنْ مَعْرِفَتِكَ وَلَهِجَ بِهِ لِسَانِي مِنْ ذِكْرِكَ وَاعْتَقَدَهُ

معرفت تیری اور گویا ہوئی زبان میری تیری یاد سے اور مُحکم ہے

ضَمِيرِي مِنْ حُبِّكَ وَبَعْدَ صِدْقِ اعْتِرَافِي

دل میرا تیری محبت سے اور بعد راستی اقرار میرے کے

وَدُعَائِي خَاضِعًا لِرُبُوبِيَّتِكَ هَيْهَاتَ أَنْتَ أَكْرَمُ

اور دعا کرنے میرے کے از روئے خضوع کے واسطے پروردگاری تیری کے دور ہے تجھ سے یہ بات کہ تو کریم ہے

مِنْ أَنْ تُضَيِّعَ مَنْ رَبَّيْتَهُ أَوْ تُبَعِّدَ مَنْ أَدْنَيْتَهُ

ہو ضائع کرے اس شخص کو کہ خود پالا ہو اسکو یا دور کرے اسکو جس کو نزدیک کیا ہو

أَوْ تُشَرِّدَ مَنْ آوَيْتَهُ أَوْ تُسَلِّمَ إِلَى الْبَلَاءِ مَنْ كَفَيْتَهُ

یا نکالدے اسکو جس کو جگہ دی ہو یا چھوڑ دے بلا میں اسکو جس کو بچایا ہو

وَرَحِمْتَهُ وَلَيْتَ شِعْرِي يَا سَيِّدِي وَإِلٰهِي وَمَوْلَايَ

اور اسپر رحم کیا ہو اور کاش جانتا میں اور بزرگ میرے اور معبود میرے اور آقا میرے

أَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلَى وُجُوهٍ خَرَّتْ لِعَظَمَتِكَ سَاجِدَةً

مسلط کریگا آتش دوزخ کو ان کے منہوں پر کہ گرے ہوئے ہیں سامنے عظمت تیری کے سجدہ میں

وَعَلَى أَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِيدِكَ صَادِقَةً وَبِشُكْرِكَ

اور ان زبانوں پر کہ گویا ہیں تیری یگانگی پر اور تیرے شکر میں

مَادِحَةً وَعَلَى قُلُوبٍ اعْتَرَفَتْ بِإِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً

تعریف کرنیوالی اور ان دلوں پر کہ اقرار کیا ہے ساتھ معبود ہونے تیرے کے از روئے تحقیق کے

وَعَلٰى ضَمَائِرَ حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ حَتّٰى صَارَتْ خَاشِعَةً

اور پردہ ہاے دل کے کہ احاطہ کیا ہے دانائی سے ساتھ تیرے یہاں تک کہ ہوگئے ہیں خشوع کرنے والے

وَعَلٰى جَوَارِحَ سَعَتْ اِلٰى اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ طَائِعَةً

اوران اعضا پر کہ کوشش کی ہے انہوں نے مقامات عبادت تیرے پر ازروے رغبت کے

وَاَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِكَ مُذْعِنَةً مَا هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ

اور اوازیں بلندکی ہیں طلب امرزش میں ازروے اذعان کے نہیں بدگمان ساتھ تیرے

وَلَا اُخْبِرْنَا بِفَضْلِكَ عَنْكَ يَا كَرِيْمُ يَا رَبِّ وَاَنْتَ تَعْلَمُ

اور نہ خبر دی گئی ہے ہم کو ساتھ فضل تیرے کے تجھ سے اے کریم اے پروردگار اور تو جانتا ہے۔

ضَعْفِيْ عَنْ قَلِيْلٍ مِنْ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَعُقُوْبَاتِهَا وَمَا

ناتوانی میری اندک بلاہاے دنیا سے اور سختیوں اس کی سے اور جو کچھ

يَجْرِيْ فِيْهَا مِنَ الْمَكَارِهِ عَلٰى اَهْلِهَا عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ

جاری ہوتا ہے بیچ اس کے مکروہات سے اسکے اہل پر باوجود اس بات کے تحقیق یہ

بَلَاءٌ وَمَكْرُوْهٌ قَلِيْلٌ مَكْثُهٗ يَسِيْرٌ بَقَاؤُهٗ قَصِيْرٌ مُدَّتُهٗ

بلا اور سختی دنیا کی کہ کم ہے قیام پذیر ہے قیام پذیری اسکی اور تھوڑی ہے بقا اسکی اور کوتاہ ہے مدت

فَكَيْفَ احْتِمَالِيْ لِبَلَاءِ الْاٰخِرَةِ وَجَلِيْلِ وُقُوْعِ الْمَكَارِهِ

اسکی پس کیونکر ہوگا تاب لانا میرا بلا ہاے آخرۃ پر اور بزرگ واقع ہونے ناخوشی کے کہ بیچ

فِيْهَا وَهُوَ بَلَاءٌ تَطُوْلُ مُدَّتُهٗ وَيَدُوْمُ مَقَامُهٗ وَلَا

اسکے ہے حالانکہ بلاے آخرت طولانی ہے مدت اسکی اور ہمیشہ ہے مقام اس کا اور تخفیف۔

يُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهٖ لِاَنَّهٗ لَا يَكُوْنُ اِلَّا عَنْ غَضَبِكَ

نہیں کی جاتی وہ بلا اہل اس کے سے اس لئے کہ وہ بلا نہیں ہے مگر غضب تیرے سے

وَانْتِقَامِكَ وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لَا تَقُوْمُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

اور بدلا لینے تیرے کے اور غصہ تیرے کے اور یہ امر نہیں ہوسکتا کہ مقابلہ کر سکیں اس بلا کا آسمان

وَالْاَرْضُ يَا سَيِّدِيْ فَكَيْفَ بِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ

اور زمین اے سردار میرے پس کیونکر میں تاب لاؤں اور حالانکہ میں بندہ تیرا ہوں

الضَّعِيْفُ الذَّلِيْلُ الْحَقِيْرُ الْمِسْكِيْنُ الْمُسْتَكِيْنُ

ضعیف اور خوار بے مقدار اور تنگدست اور عاجزی کرنے والا

يَا اِلٰهِيْ وَرَبِّيْ وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ لِاَيِّ الْاُمُوْرِ

اے معبود میرے اور پروردگار اور سردار میرے اور آقا میرے کونسے کاموں کی طرف تیری

اِلَيْكَ اَشْكُوْ وَلِمَا مِنْهَا اَضِجُّ وَاَبْكِيْ لِاَلِيْمِ الْعَذَابِ

شکایت کروں اور کون کون سی بلاؤں میں فریاد کروں اور آہ و گریہ کروں میں واسطے عذاب

وَشِدَّتِهٖ اَوْ لِطُوْلِ الْبَلَاۤءِ وَمُدَّتِهٖ فَلَئِنْ صَيَّرْتَنِيْ

دردناک اور سختی اس کے یا واسطے درازی بلا اور مدت اسکی کے پس اگر داخل کرے تو مجھکو

فِي الْعُقُوْبَاتِ مَعَ اَعْدَاۤئِكَ وَجَمَعْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

عذاب و عقاب میں اپنے دشمنوں کے ساتھ اور جمع کرے تو درمیان میرے اور درمیان

اَهْلِ بَلَاۤئِكَ وَفَرَّقْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اَحِبَّاۤئِكَ وَ

اہل بلا اپنے کے اور جدائی ڈالے تو درمیان میرے اور درمیان دوستوں اپنے کے اور

أَوْلِيَائِكَ فَهَبْنِي يَا إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَ

اولیا اپنے کے پس قبول کیا میں نے اے معبود میرے اور سردار اور آقا میرے اور

رَبِّي صَبَرْتُ عَلَىٰ عَذَابِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَلَىٰ فِرَاقِكَ

پروردگار میرے صبر کرتا تیرے عذاب پر پس کیونکر صبر کروں تیرے فراق پر

وَهَبْنِي صَبَرْتُ عَلَىٰ حَرِّ نَارِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَنِ

اور قبول کیا میں نے کہ صبر کروں اوپر آتش تیری کے پس کیونکر صبر کروں اوپر

النَّظَرِ إِلَىٰ كَرَامَتِكَ أَمْ كَيْفَ أَسْكُنُ فِي النَّارِ وَ

محرومی نظر کے طرف بخشش تیری کے کیونکر ساکن ہوں بیچ آگ کے اور

رَجَائِي عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِي وَمَوْلَايَ

امیدوار ہوں میں کہ عفو کرے تو مجھ سے پس بعزت تیری قسم ہے اے سردار میرے اور آقا میرے

أُقْسِمُ صَادِقاً لَئِنْ تَرَكْتَنِي نَاطِقاً لَأَضِجَّنَّ

قسم کھاتا ہوں سچ اگر مجھ کو چھوڑ دے بولنے والا تو البتہ شور اور چلاؤں

إِلَيْكَ بَيْنَ أَهْلِهَا ضَجِيجَ الْآمِلِينَ وَلَأَصْرُخَنَّ

تیری طرف درمیان اہل جہنم کے شور امیدواروں کا اور البتہ فریاد کروں تیری طرف

إِلَيْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَيْكَ

فریاد استغاثہ کرنے والوں کی اور ہر آئینہ گریہ کروں میں تیری طرف

بُكَاءَ الْفَاقِدِينَ وَلَأُنَادِيَنَّكَ أَيْنَ كُنْتَ يَا وَلِيَّ

اور دوست رکھنا کہ دوست سے چھوٹے ہیں اور البتہ پکاروں میں تیری طرف کہاں ہے اے دوست

المؤمنين يا غاية آمال العارفين يا غياث المستغيثين

مومنوں کے اے نہایت آرزو عارفوں کے اے فریادرس دادخواہوں کے

يا حبيب قلوب الصادقين ويا اله العالمين

اے دوست دل راست گویوں کے اے معبود عالمیوں کے

أفتراك سبحانك يا الهي وبحمدك تسمع فيها

آیا سزاوار ہو یہ کہ پاکی بیان کروں تیری اے معبود میرے اور حمد وثنا کروں تیری کہ سنے تو جہنم میں

صوت عبد مسلم سجن فيها بمخالفته وذاق

صدا بندہ مسلمان کی کہ ڈالا گیا ہے اس میں بسبب مخالفت تیری کے اور چکھا ہے مزہ

طعم عذابها بمعصيته وحبس بين أطباقها

اس کے عذاب کا بسبب نافرمانی اپنی کے اور قید کیا ہو اسکو درمیان طبقات جہنم کے

بجرمه وجريرته وهو يضج اليك ضجيج مؤمل

بسبب جرم اس کے کے اور کاہلی عبادت کے اور وہ خروش کرتا ہو طرف تیری شور اسکا کہ چاہنے والا تیری مہربانی و

لرحمتك ويناديك بلسان أهل توحيدك و

رحمت کا اور پکارتا ہے تجھکو ساتھ زبان یگانہ پرستوں کے اور توسل ڈھونڈے

يتوسل اليك بربوبيتك يا مولاي فكيف يبقى

طرف تیرے ساتھ پروردگار ہونے تیرے کے اے آقا میرے پس کیونکر باقی رہے

في العذاب وهو يرجو ما سلف من حلمك و

عذاب میں حالانکہ امیدوار ہو اسکا جو کچھ کہ آگے دیا ہے بردباری تیری سے اور

رَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ أَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَهُوَ

مہربانیوں اور رحمت تیری سے آیا کیونکر تکلیف دے اسکو آگ کی اور وہ

يَأْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ أَمْ كَيْفَ يُحْرِقُهُ لَهِيبُهَا

امیدوار ہو تیرے فضل ورحمت کا آیا کیونکر جلاوے اسکو زبانہ آتش

وَأَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ وَتَرَى مَكَانَهُ أَمْ كَيْفَ يَشْتَمِلُ

اور تو سنے آواز اس کی اور دیکھے جگہ اوس کی آیا کیونکر پلٹیں

عَلَيْهِ زَفِيرُهَا وَأَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهُ أَمْ كَيْفَ يَتَغَلْغَلُ

اوپر اس کے شعلے دوزخ کے حالانکہ تو جانتا ہے ناتوانی اس کی آیا کیونکر مضطرب ہو

بَيْنَ أَطْبَاقِهَا وَأَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ أَمْ كَيْفَ تَزْجُرُهُ

درمیان طبقات جہنم کے اور تو جانتا ہے راست بیانی اسکی آیا کیونکر شدت کریں اسپر

زَبَانِيَتُهَا وَهُوَ يُنَادِيكَ يَا رَبَّهُ أَمْ كَيْفَ يَرْجُوا

شعلے دوزخ کے اور وہ ندا کرے تجھ کو اے پروردگار میرے آیا کیونکر نہو بندہ امیدوار تیرے

فَضْلَكَ فِي عِتْقِهِ مِنْهَا فَتَتْرُكُهُ فِيهَا هَيْهَاتَ مَا ذَلِكَ

فضل کا بیچ خلاصی کے دوزخ سے پس چھوڑ دے اسکو اس میں دور ہو یہ خیال اور ایسا

الظَّنُّ بِكَ وَلَا الْمَعْرُوفُ مِنْ فَضْلِكَ وَلَا مُشْبِهٌ

نہیں گمان ساتھ تیرے اور نہ پہچانا گیا ہے فضل تیرے سے اور نہ مشابہ ہے اسچیز سے کہ

لِمَا عَامَلْتَ بِهِ الْمُوَحِّدِينَ مِنْ بِرِّكَ وَإِحْسَانِكَ

معاملہ کیا ہے تو نے انکے ساتھ یگانہ پرستوں سے از روئے نیکی اور احسان اپنے کے

فَبِالْيَقِيْنِ أَقْطَعُ لَوْلا مَا حَكَمْتَ بِهِ مِنْ تَعْذِيْبِ

پس یقین قطعی رکھتا ہوں کہ اگر نہ حکم کرتا تو اس امر کا کہ عذاب کرے تو اپنے

جَاحِدِيْكَ وَقَضَيْتَ بِهِ مِنْ إِخْلادِ مُعَانِدِيْكَ

منکروں پر اور نہ حکم جاری کرتا تو اپنے دشمنوں پر مخلد فی النار کا

لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا بَرْدًا وَسَلامًا وَمَا كَانَتْ لِأَ

برآینہ کر دیتا تو تمام آتش کو سرد و سلامت اور نہ ہوتا اس میں کسی کو

حَدٍ فِيْهَا مَقَرًّا وَلا مُقَامًا لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ

محل قرار اور نہ جائے قیام ولیکن تو پاک ہیں

أَسْمَاؤُكَ أَقْسَمْتَ أَنْ تَمْلَأَهَا مِنَ الْكَافِرِيْنَ

اسماء تیرے قسم یاد کی ہے تو نے کہ بھر دے گا تو جہنم کو کافروں سے جو

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ وَأَنْ تُخَلِّدَ فِيْهَا

